SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, September 24, 2004

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty five minutes past ten in the morning with Mr. Acting Chairman (Mr. Khalil-ur-Rehman) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ولقد ذرانا لجھنم کثیراً من الجن و الانس لھم قلوب لا یفقھون بھا ولھم اعین لا یبصرون بھا ولھم اذان لا یسمعون بھا اولئک کالانعام بل ھم اضل اولئک ھم الغفلون O ولله الاسماء الحسنیٰ فادعوه بھا وذروا الذین یلحدون فی اسماه سیجزون ما کانوا یعملونO

ترجمہ۔ اور ہم نے بہت سے جن اور انسان دوزخ کے لئے پیدا کئے ہیں ان کے دل ہیں لیکن ان سے سمجھتے نہیں اور ان کی آنکھیں ہیں مگر ان سے دیکھتے نہیں۔ اور ان کے کان ہیں پر ان سے سنتے نہیں ۔ یہ لوگ (بالکل)چارپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی بھٹکے ہوئے یہی وہ ہیں جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور خدا کے سب نام اچھے

ہی اچھے ہیں تو اس کو اس کے ناموں سے پکارا کرو ۔ اورجو لوگ اس کے ناموں میں
کجی (اختیار) کرتے ہیں ان کو چھوڑ دو۔ وہ جو کچھ کر رہے ہیں عنقریب اس کی سزا
پائیں گے ۔واخردعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

(سورۃ الاعراف ۱۸۰ ـ ۱۷۹)

QUESTIONS AND ANSWERS

جناب قائم مقام چیئرمین، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

Question Hour and this is going to be a question hour only. We take up questions. Question No. 76. Farhat Ullah Babar.

76. * **Senator Farhat Ullah Babar**: Will the Minister for Housing and Works be pleased to refer to the Senate Starred Question No. 36 replied on December 24, 2003 and state:

(a) the definition of term disabled for purpose of allotment of plots;

(b) the procedure laid down for determining disability and the authority who approves such recommendations;and

(c) the safeguards devised against possible misuse of the quota for disabled?

Syed Safwanullah (Minister for Housing and Works): (a) The term disabled for purpose of allotment of plots is defined as under:-

(a) **Class "A" - Major Disability**

(i) Loss of use of two or more limbs.

(ii) total loss of eyesight.

(iii) Paraplegics or hemlegia.

(iv) Lunacy.

(v) Wounds, injuries or diseases resulting in a disability due to which a person becomes incapacitated.

(vi) Advanced incurable diseases where a special recommendation, on the merits of each case, is made by the medical board/medical board/medical authority.

(b) **"A" - Partial Disability**

(i) Loss of hand or foot.

(ii) Very severe facial disfigurement.

(iii) Emasculation.

(iv) Total loss of speech.

(v) Total deafness (both ears)

(vi) Advance cases of incurable disease.

(C) Class "B" - Minor Disability.

(i) Loss of thumb of at least three fingers of hand.

(ii) Partial loss of one or both feet at or beyond tarsome/tatarsal joint.

(iii) Loss of vision of one eye.

(iv) Loss of all toes of one or both feet.

(b) A Sub-committee constituted for the purpose scrutinizes applications received under disabled quota and assesses the degree of disability of the applicants . The recommendations made by the Sub-committee are considered and approved by the Executive Committee

of the Housing Foundation.

(c) The Sub-committee appears competent enough to ensure necessary safeguards against misuse of the quota earmarked for disabled persons. Composition of the sub-Committee is as under:-

1.	Senior Joint Secretary (Works) M/o Housing & Works.	Chairman
2.	Deputy Secretary (Admn) M/o Housing & Works	Member
3.	Director (Finance & Admn) Housing Foundation.	Member
4.	One Senior Officer of Pakistan Medical Council.	Member
5.	One Medical Officer of F. G. Services Hospital.	Member

Mr. Acting Chairman: Any supplementary.

سینیٹر فرحت اللہ بابر: جناب والا! فاضل وزیر نے جن disables کو سرکاری plots دیئے ہیں ان disables کے بارے میں تین disabilities کی نشاندہی کی ہے۔ major disability, partial disability, minor disability میرا جو سوال تھا it arose out of question No.36 جو سینیٹ میں اسماعیل بلیدی صاحب نے 24th December 2003 کو پوچھا تھا اور اس سوال کے جواب میں فاضل وزیر نے 36 government officials کی list submit کی تھی جن کو disable quota میں plots ملے ہیں۔ میرا سوال فاضل وزیر سے یہ ہے کہ آیا یہ 36 لوگ جن کو disable quota سے plots ملے ہیں کیا ان میں سے کوئی ایک بھی ان تین disabilities سے suffer کرتا ہے جس سے اس بات کے حقدار ہوتے ہیں کہ ان کو

plot ملے۔

سید صفوان اللہ (وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات)، جناب چیئرمین ! جو فہرست دی گئی ہے وہ انہی تینوں اقسام کی disabilities کے پیش نظر دی گئی ہے۔ اگر ممبر موصوف کو کسی allottee کے سلسلے میں یہ خدشہ ہے کہ وہ ان تینوں disabilities سے باہر ہے تو وہ اس کی نشاندہی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کی تسلی اس سلسلے میں بھی کر دی جائے گی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ نشاندہی کر سکتے ہیں؟

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جو specific cases ہیں ان کی نشاندہی بعد میں کر دوں گا ۔ میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر minor سے minor disability بھی ہے، وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ چھتیس کے چھتیس افراد کیا ان کی ایک آنکھ نہیں ہے

That is the minor disability. When the honourable Minister says that all these 36 people actually suffer from a disability, the most minor of which is the loss of one eye.

جناب قائم مقام چیئرمین، صفوان اللہ صاحب! وہ کہتے ہیں آپ commit کریں۔

سید صفوان اللہ، میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ جو allotments ہوئی ہیں وہ ایک کمیٹی کی تشریح اور تفسیر کے بعد ہوئی ہیں جو ان تینوں disabilities کے زمرے میں آتی ہیں لیکن اگر کسی ایسے allottee کے سلسلے میں موصوف کو کوئی اطلاع ہے اور وہ نشاندہی کریں کہ کسی کی ایک آنکھ نہیں ہے یا ایک کان نہیں ہے یا ہے اور پھر بھی allotment دے دی گئی ہے تو پھر ہم اس کے خلاف کارروائی کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جہاں تک ان کی معلومات کا تعلق ہے، یہ ہے Thank you.

سینیٹر فرحت اللہ بابر، وہ نشاندہی میں کر دوں گا۔

Mr. Acting Chairman: Anybody else. Dr. Said Sahib.

Senator Muhammad Said: Sir, there are a number of cases of favouritism in the case of disabled people. I would like to ask the Minister whereas there are a large number of disabled applications in the class A, that is major disability, how the final decision is made? Which of the six disabilities listed from one to six would carry more weight as compared to others?

Mr. Acting Chairman: This is a hypothetical question, please answer it.

Syed Safwan Ullah: The decision is made by a committee. The names of members are given. They are experts of their fields. They are medical professionals and the decision that they made that a certain disability exists, the committee decides on the basis of expert opinion.

جناب قائم مقام چیئرمین، جی بلیدی صاحب آخری سوال۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمعیل بلیدی، جناب! اسلام آباد میں جو allotment کا system ہے وہ انتہائی مشکل ہے۔ جو merit پر ہیں یا list میں ہیں لیکن اس کے علاوہ جو غریب ہیں ان کا کوئی سفارشی نہیں ہے اور انہیں پچاس سال تک گھر نہیں ملتا۔ میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ system کو refined کرنے کے لیے وہ کوئی کوشش کر رہے ہیں کہ حق دار کو allotment مل جائے۔ دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ جس کی سفارش ہے اس کو ملازمت کے ایک سال کے بعد گھر مل جاتا ہے لیکن جس کی 25 سے 30 سال کی service ہے وہ در بدر پھر رہا ہے۔ اس بیچارے کی تین ہزار تنخواہ ہے اور اس غریب کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ لہذا fool proof system بنانے کے لیے وزیر صاحب کیا کر رہے ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین، جی وزیر صاحب فرمائیں۔

سید صفوان اللہ، جناب! یہ ضمنی سوال اس سے نہیں بنتا لیکن میں اس ایوان میں یہ

عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مکانات کی تعداد بہت قلیل ہے اور سرکاری اہلکاروں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ اس وقت جو availability کا ratio ہے وہ 4.6 % ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ پچھلے دس سال سے حکومت نے اپنی پالیسی کے تحت یہ طے کیا تھا کہ مکانات تعمیر نہیں کیے جائیں گے۔ یہ تو ایک الگ مسئلہ ہے۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ allotments کسی favourtism کی بنیاد پر کیے جاتے ہیں' ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ اسٹیٹ آفس میں درخواست دہندگان کی ایک list بنائی جاتی ہے جو پہلے قاعدہ تھا اس میں وقتاً فوقتاً درخواست دینے کی تاریخ اور اس کی seniority کو سامنے رکھتے ہوئے اس میں تبدیلی آ جایا کرتی تھی۔ اب اس چیز کو ہم نے ختم کر دیا ہے اور اب allotmentصرف seniority کی بنیاد پر ہو گی جو اس دن سے شروع ہو گی جس تاریخ سے allotment کے لیے درخواست دی جائے گی۔پہلے دو طریقے تھے کہ کہیں درخواست کی تاریخ متعین ہوتی تھی، کہیں اس کی seniority service کے حساب سے متعین ہوتی تھی وہ confusion اب ختم کر دی ہے۔ اس میں اور بھی بہتری لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلدی پریشانی رفع ہو جائے گی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ اس پر بولیں گے ، دیکھیں اس پر تین سوال تو ہو گئے ہیں۔اس طرح تو باقی رہ جائیں گے۔ ٹھیک ہے کمیلی صاحب .but make it very short

سینیٹر محمد عباس کمیلی، جناب ! ابھی ابھی قاری صاحب نے جن آیات کی تلاوت کی اس میں بھی کچھ disabled persons کا تذکرہ ہے کہ لھم قلوب اللہ یفقھون بھا۔ ان کے پاس دل ہے مگر یہ سوچتے نہیں ہیں لھم عین اللہ یقصرون بھا، ان کے پاس آنکھیں ہیں مگر یہ دیکھتے نہیں۔ لھم اذان اللہ یسمعون بھا ' ان کے پاس کان ہیں مگر یہ سنتے نہیں تو ایسے بھی کچھ disabled persons ہیں----

جناب قائم مقام چیئرمین، جی ہاں۔ وہ تو بہت سارے ہیں۔ جی ہدایت اللہ صاحب۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، جناب چیئرمین صاحب ! یہ مکانات کا سلسلہ ہے' یہ ایک بہت بڑا پیچیدہ مسئلہ ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ جو سرکاری ملازم---

جناب قائم مقام چیئرمین، دیکھیں اس وقت سرکاری ملازم کی بات نہیں ہو رہی۔

اب disabled لوگوں کی بات ہو رہی ہے تو آپ disabled کی بات کریں۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، جناب! میں اسی کی بات کر رہا ہوں کہ جو ملازم ریٹائر ہو جاتے ہیں وہ مکان خالی نہیں کرتے اور بعض جو موثر ملازمین ہوتے ہیں وہ مکان دوسروں کو کرائے پر دیتے ہیں۔ کیا اس کے سدباب کے لیے بھی وزیر صاحب نے کوئی چیز رکھی ہے یا نہیں۔اس وقت جو چھوٹے ملازم ہیں وہ بڑے تنگ ہیں اور ان کو مکان نہیں ملتا ہے کیونکہ اس کی دو ہزار تنخواہ ہوتی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سن لیا ہے ۔ یہ ان معذوروں کا نہیں ہے جن کا پہلے ذکر کیا گیا ہے۔ یہ دوسرے معذوروں کا ہے جن کا انہوں نے ابھی ذکر کیا ہے، اس کا جواب دے دیں۔

سید صفوان اللہ (وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات)، میں پھر یہی عرض کروں گا کہ آج کے سوال سے اس کا کوئی تعلق تو نہیں ہے لیکن اس معزز ایوان کی اطلاع کے لیے میں عرض کروں کہ جو مکانات ان لوگوں کو allot ہوتے ہیں اور ان میں سے جو لوگ retire ہو جاتے ہیں، بہت سے ایسے لوگ ہیں بلکہ کثیر تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو کوشش یہی کرتے ہیں کہ یہ مکان انہی کے پاس رہے لیکن ان سے خالی بھی کرایا جاتا ہے ۔ کچھ ان میں سے خالی نہیں ہوتے ہیں، کچھ دقتیں ہوتی ہیں، کچھ کے سلسلے میں ہمیں عدالت میں جانا ہوتا ہے۔ عدالت کی کارروائی اپنا الگ وقت لیتی ہے، وہ ایک الگ طریقہ کار ہے۔ ایسی بات نہیں کہ ہم اس طرف سے غافل ہیں لیکن یہ پورا نظام ہی اس انداز کا بنا ہوا ہے کہ اس کو بیک جنبش قلم ٹھیک نہیں کیا جاسکتا بہرحال کوششیں کی جا رہی ہیں۔"پنبہ کجا کجا نہم" والی ہی صورتحال ہے۔

سینیٹر آغا پری گل، جناب چیئرمین صاحب! ایک منٹ۔ جناب! ہمارے ایک colleague نے وزیر صاحب سے سوال کیا تھا اور ان سے انہوں نے جواب مانگا مگر کتنے افسوس کی بات ہے کہ وزیر صاحب ان ہی کو کہتے ہیں کہ آپ ہمیں اس کا جواب دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، نہیں وہ اس context میں نہیں تھا۔

سینیٹر آغا پری گل، مگر وزیر صاحب نے ان سے کہا کہ آپ ہمیں list دو۔ آپ

ہمیں بتائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، نہیں نہیں۔ دیکھیں انہوں نے کہا ہے کہ آپ کو کسی ایسی چیز کا پتا ہے ----

سینیٹر آغا پری گل، جناب! یہ ریکارڈ ہوا ہے۔ میں کوئی غلط بات تو نہیں کہہ رہی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ان کے کہنے کے مطابق کوئی نہیں ہوا۔

سینیٹر آغا پری گل، مگر افسوس کی بات ہے کہ وزیر صاحب سوال والے سے یہ جواب پوچھتے ہیں کہ آپ بتائیں۔ جناب! ان کو detail دینی چاہیے' ان کو بتانا چاہیے۔ یہاں تو بہت زیادہ معذوری ہے۔ ٹانگ سے بھی معذور اور ہاتھوں سے بھی معذور ہیں ان کا کیا ہوگا۔ یہ صرف آنکھ' کان اور ناک کا جواب دیا ہے انہوں نے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، یہ کوئی سوال تو نہیں تھا' یہ ایک statement ہے لیکن آپ بتا دیں۔

سید صفوان اللہ (وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات)، میں محترمہ کی اس تفصیل کا جواب دینا چاہوں گا۔ جو سوال کیا تھا اس سے متعلق جو جواب تھا وہ مسکت طور پر دے دیا گیا۔ جو ضمنی سوال کیا گیا تھا اس میں کچھ نئے گوشے نکالے گئے۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ ہماری اپنی اطلاع کے مطابق اور ہماری اپنی تفصیل کے مطابق کوئی اس قسم کی allotment نہیں ہوئی ہے جو ان تینوں فہرستوں سے باہر ہو لیکن اگر کوئی ایک آدمی بھی ایسا ہے جس کی وہ نشاندہی کر دیں تو ہم اس کا جواب دیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، دیکھیں! اگر اس حساب سے چلیں گے تو چار سوال ہوں گے اور پھر باقی لوگ complaint کریں گے۔

سینیٹر سید سجاد حسین بخاری، جناب! گزارش یہ ہے کہ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ لوگ سرکاری گھر نہیں چھوڑتے، جن کو چھوڑ دینا چاہیے' ان کے لیے ہم عدالت میں جاتے ہیں اور جو کچھ بھی کرتے ہیں' میں ان سے پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ اگر concerned minister خود یہ کام کریں' انہوں نے خود federal lodges میں اپنا suite نہیں چھوڑا جبکہ ان کو

ministers' colony میں گھر بھی مل گیا ہے اور میں نے apply کیا تھا اور مجھے سینیٹ سیکرٹریٹ نے بار بار کہا کہ Minister چھوڑ نہیں رہے ہیں تو ہم کیا کریں۔ میں کہتا ہوں کہ اس کے لیے کیا کیا جائے؟

Mr. Acting Chairman: This is not a related question.

یہ آپ point of self-explanation پر کہہ رہے ہیں۔

سید صفوان اللہ (وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات) : یہ personal explanation پر ہے۔ میں موصوف سے اس ایوان کے سامنے اس بات کا دعویٰ کرتا ہوں کہ اگر وہ یہ ثابت کر دیں کہ میں Parliament Lodges میں جس کمرے میں رہتا ہوں وہ آج بھی میرے نام ہے تو میں اس اسمبلی کی رکنیت سے اور وزارت سے استعفیٰ دینے کو ابھی اور اسی وقت تیار ہوں۔

Mr. Acting Chairman: There is no further discussion after this. Question No.77, Dr. Muhammad Ismail Buledi.

77. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Petroleum & Natural Resources be pleased to state:

(a) Whether it is a fact that natural gas has been supplied to village Ghanipur, Union council No. 9 Bahawalpur City while this facility has not so far been provided to the adjacent villages namely Quaid-i-Azam Colony, Goth Bajan, Khano Wali, Sharif Abad and Darwali, if so, its reasons; and

(b) the time by which the said facility will be provided to these villages?

Mr. Amanullah Khan Jadoon (Minister for Petroleum and Natural Resources): (a) It is correct that natural gas has been

supplied to village Ghanipur, Union Council No. 9, Bahawalpur city during fiscal year 2003-04. Presently there is no proposal to supply gas to adjacent villages namely Quaid-i-Azam Colony, Basti Goth Bajan, Basti Khanowali/Darwali and Basti Sharif Abad due to financial constraint of the Company.

(b) Supply of gas to villages Quaid-i-Azam Colony, Basti Goth Bajan, Khanowali, Sharif Abad and Warwali involve Rs. 9.496 million. Upon provision of the said amount the company will prepare the implementation plan of the scheme.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary? Yes, Buledi sahib.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب! میرا سوال یہ تھا کہ بہاول پور میں یونین کونسل موضع غنی پور کو گیس فراہم کی گئی ہے لیکن ان کے جو ملحقہ علاقے اور دیہات ہیں ان کو ابھی تک گیس نہیں دی گئی ہے۔ ان کے لیے کوئی منصوبہ بندی ہے یا نہیں ہے؟ مجھے بہت خوشی ہے کہ اس دفعہ متعلقہ وزیر ایک چھوٹے صوبے سے ہیں اور ماشاء اللہ وہ powerful بھی ہیں اور ہمارے جو دو وزراء، جن میں سے ایک بلوچستان اور ایک سرحد سے ہیں تو میں اس مرتبہ بہت خوش ہوں۔ جن علاقوں میں گیس فراہم کی جاتی ہے تو جو قریب کے علاقے ہیں، جو بالکل قریب ہیں، وہ بہت محسوس کرتے ہیں۔ میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہاں کے قریب قریب کے لوگوں کو جو بہت محسوس کر رہے ہیں ان کو cover کرنے کے لیے کیا منصوبہ بندی ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین، جدون صاحب۔

جناب امان اللہ خان جدون، (وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات) یہ مجھے موقع دیں تو میں بات کروں۔ میں ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے میرے بارے میں کہا اور Minister of State کے بارے میں بھی کہا۔ یقیناً ہم چھوٹے صوبے سے ہیں اور چھوٹے

صوبوں کا خیال رکھنا ہمارا فرض ہے۔ بلوچستان ہمارا گھر ہے۔ ہم پنجاب اور سندھ کو بھی نہیں بھولیں گے۔ جس طرح انہوں نے فرمایا' بالکل ہماری scheme ہے' جب ہم گیس فراہم کرتے ہیں تو آہستہ آہستہ' مرحلہ وار اس کو expand کرتے جاتے ہیں۔ انہوں نے بالکل ٹھیک کہا کہ چار villages میں گیس نہیں پہنچی اور ایک میں پہنچ گئی ہے اور ہمارا programme ہے وہاں پہنچانے کا لیکن جو ہماری منصوبہ بندی ہے اس پر وقت لگے گا۔ میری ان سے گزارش ہوگی کہ حکومت کی طرف سے ان کو جو پیسے ملتے ہیں' انہوں نے جن چار villages کی نشاندہی کی ہے' یہ چھوٹے چھوٹے villages ہیں' ان پر ہمارا خرچہ ہے 96 لاکھ روپے' یہ اگر مہربانی کریں' اگر ان کو جلدی چاہیے تو یہ پیسے ہمیں دے دیں تو ہم انشاء اللہ within week's time ان کو گیس فراہم کر دیں گے۔ ورنہ routine میں تو پرانا system جو چل رہا ہے اس میں تھوڑا وقت لگ جائے گا۔

Mr. Acting Chairman: Jadoon sahib, I need a little bit of explanation on that.

آپ کہتے ہیں کہ جو ان کا fund ہے وہ آپ کو دیں' تو جو آپ کو پیسے ملتے ہیں کام کرنے کے لیے وہ کدھر گئے۔

جناب امان اللہ خان جدون، جیسا کہ میں نے عرض کیا جناب چیئرمین! کہ اس پر تھوڑا وقت لگے گا۔ انہوں نے سوال کیا ہے کہ جلدی گیس فراہم کر دیں۔ لگے گی گیس' میں نے یہ نہیں کہا کہ نہیں لگے گی۔ اس پر ٹائم لگے گا۔ ایک سسٹم کے تحت ہم لگا رہے ہیں۔ اگر ان کو جلدی چاہیے within weeks time or within months time تو funds ہمارے پاس نہیں ہیں۔ اگر یہ بندوبست کر دیں تو----

جناب قائم مقام چیئرمین، قرض حسنہ لے لیں آپ' یہ جو قرض حسنہ ہوتا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، میں مطمئن نہیں ہوں۔ مجھے توقع نہیں تھی کہ وہ مجھے یہ جواب دیں گے کیونکہ میرا یہ پہلا سوال ہے اور ان کا بھی پہلا جواب ہے۔ یہ کوئٹہ سے ھنا اوڑک دو کلومیٹر کے فاصلے پر بلوچستان ڈیرہ بگتی میں ہے' پچھلی دفعہ جب میں Standing

Committee کا ممبر تھا' ابھی بھی ہوں' سوئی میں بیس قدم پر ایک گھر تھا' وہاں سے پنجاب اور سندھ کو پائپ لائن جا رہی ہے لیکن اس بیس قدم کے فاصلے پر جو گھر ہے اس کو گیس انہوں نے سپلائی نہیں کی ۔ وہ بندہ آیا اور اس نے Standing Committee کے ممبروں سے ملاقات کی۔ہم نے اس جگہ کا visit کیا۔ جناب! یہ منصوبہ جس کے بارے میں یہ کہتے ہیں کہ مرحلہ وار ہو گا' یہ ہماری زندگی میں ہو گا؟ سو سال میں ہو گا یا پانچ سو سال میں ہو گا؟

جناب قائم مقام چیئرمین، وزیر صاحب! آپ انہیں کوئی ٹائم فریم دے دیں۔

جناب امان اللہ خان جدون، یہ ٹائم فریم دینا میرے لیے مشکل ہے۔ وہ جو اشارہ کر رہے ہیں کہ کوئی Prime Minister directive یا کوئی President کے ہوتے ہیں' وہ اور سلسلہ ہے۔ میرے محترم بھائی میرے پاس آئیں' میں ان کے پاس جاؤں گا۔ ہم بیٹھ کر اس مسئلے کو حل کریں گے۔ اگر سرکاری طور پر جلدی ہو سکا تو میرا آپ کے ساتھ پورا تعاون ہو گا۔ مجھے دکھ ہوا' آپ نے میرا پہلا جواب سنا۔ میں اس کے لیے معافی چاہتا ہوں۔ میری آپ سے گزارش ہو گی کہ بہت جلدی چاہیے تو ہمیں فنڈ دے دیں۔ اگر وہ نہیں ہیں تو ذرا میرے ساتھ رابطہ کر لیں۔ میں اپنے محکمے کو بلا کر پورا ٹائم فریم آپ کو دے سکتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، اس طرف سے کوئی ہے ?supplementary جی رخسانہ زبیری صاحبہ۔

Senator Engr. Rukhsana Zuberi: Thank you, Mr. Chairman.

85 کے جواب 'd' میں یہ کہہ رہے ہیں کہ 1.4 billion ان کے پاس ہیں جو Prime Minister Priority Projects کے لیے available ہیں اور یہ amount کہا گیا ہے کہ Gas Companies دیں گی۔ ہمارا 900 billion کا تو total budget تھا' 1.4 billion is lying with them for special projects. Can it be taken for special projects?

جناب قائم مقام چیئرمین، جی جدون صاحب۔ جب وہ سوال آئے گا تو اس پر بات کر لیں گے۔ ڈار صاحب! Do you want to say something?

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جیسا کہ آپ نے کہا ہے کہ قرض حسنہ

is a good suggestion and I think, the Minister should take it seriously and he can make an arrangement with the members, if he is sincere. He should make an arrangement with the members. The members should transfer their development funds on the condition. Then the honourable Minister will have his own development funds. He will return this money to the local bodies for the re-credit of the relevant member. It is a very good suggestion and that can be arranged between the members and the Minister and the Local Bodies Ministry.

Mr. Acting Chairman: Thank you. Question No. 78, Dr. Muhammad Ismail Buledi.

78. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state whether it is fact that the Government is giving subsidy to PARCO, if so, the details of subsidy given to it during the last four years?

Mr. Amanullah Khan Jadoon: The Government has guaranteed a minimum 25% rate of return to PARCO. Any shortfall in the guaranteed rate of return is picked up by the government. During the last four years following payments were made to PARCO.

Year		Rs. in million
2000-2001		———
2001-2002		4,500
2002-2003		5,500
2003-2004		3,542
	Total:	13,542

Mr. Acting Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب! میں نے پوچھا تھا کہ subsidy کتنے per cent دی جاتی ہے اور اس کی details کیا ہیں گزشتہ چار پانچ سال کی۔ انہوں نے 2000-2001 میں کوئی پیسہ نہیں دیا ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ اور یہ بتائیں کہ subsidy اور شرح منافع میں کیا فرق ہے؟ دوسرا میرا سوال یہ ہے کہ مکران میں ہماری کھجور ضائع ہوتی ہے اور یہ PARCO جو ان کو لے کر 25% government کو گارنٹی دیتا ہے کہ اگر اس کو نقصان ہوتا ہے، منافع نہیں کماتا تو حکومت اس کو 25% گارنٹی دیتی ہے۔ یہ اگر مکران میں ہماری کھجور خریدیں، وزیر صاحب ان کو حکم دے دیں کہ وہ کھجور خریدیں، کیونکہ ہزار روپے فی من والی کھجور 200 روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، کھجور اور اس کا کیا تعلق ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، یہ PARCO والے لے رہے ہیں۔ وزیر صاحب اس کی وضاحت کر دیں۔

جناب امان اللہ خان جدون، یہ PARCO ہماری refinery ہے پاکستان اور ابوظہبی کے تعاون سے 1994ء میں agreement ہوا اور 2000ء میں یہ فیکٹری مکمل ہوئی ہے۔ یہ پاکستان کی سب سے بڑی refinery ہے۔ یہ ابوظہبی اور پاکستان کا agreement تھا جس میں 60% share پاکستان کے اور 40% ابوظہبی کے ہیں۔ Sir, اس وقت یہ کوشش کی تھی the Government of Pakistan نے کہ اور لوگوں کو بھی لائیں اور اس میں incentive دیا گیا تھا، 25% government guarantee کرے گی، اگر ان کو کوئی problem ہوا تو وہ اس معاہدے کے تحت ان کو payment کر رہے ہیں۔ 2000-01 میں کام شروع ہوا ہے، انہوں نے 2000 میں کام شروع کرنا تھا، factory مکمل ہوئی اور ابھی it is in production. ابھی recently 2003-04 میں it has gone into full production. Sir, یہ مکمل ہوئی ہے، اس پر 886 million dollars لاگت ہے، بہت بڑا project ہے۔ اس میں ایک لاکھ barrel per day

اس کی production ہے اور یہ ہمارا بڑا اچھا project ہے' یہ middle country میں لگایا گیا ہے اور اس میں یہ جو سوال پوچھنا چاہتے تھے۔

Mr. Acting Chairman: Thank you.

اکبر خواجہ صاحب' پروفیسر صاحب! یہ دونوں پیچھے ہیں' انہوں نے پہلے ہاتھ اٹھایا تھا۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ، جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ یہ وزیر اگر بتائیں کہ یہ جو 25% rate of return ہے' یہ صرف اس group کے لئے ہے یا باقی کوئی اور group similar rate of return receive کر رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب امان اللہ خان جدون، جناب چیئرمین صاحب! اس کے لئے بڑی کوشش کی گئی تھی کہ کوئی اور party بھی آئے اور اس کا جو agreement ہوا تھا' 94 میں last اس کا agreement ہونا تھا' government نے time frame تھوڑا relax کیا' دو سال ہم نے انتظار کیا۔ ایران کی کوئی party interested تھی' پھر وہ نہیں آئے تو اب جو ہمارا یہ arrangement ہے' یہ صرف ایک ہی ملک کے ساتھ ہے' وہ پرانا agreement ختم ہو گیا ہے۔ ابھی refinery لگانے کی کوئی نئی policy نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، دیکھیئے don't have a سوال دوران سوال' انہوں نے جواب دے دیا ہے' کسی اور کو بھی chance دیں .please یہ اس کے بعد۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ، جناب چیئرمین! follow up کرنا چاہتا ہوں کہ یہ decision خالی Minister صاحب نے لیا ہے یا کوئی criteria تھا' procedure تھا جس میں انہوں نے establish کیا کہ ان کو 25% guarantee rate of return دیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ نے خود دیا ہے۔

جناب امان اللہ خان جدون، جی میں نے بات کی ہے' میرے خیال میں میرے محترم بھائی نے نہیں سنا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ذرا دور ہیں۔

جناب امان اللہ خان جدون، یہ معاہدہ 94 میں ہوا' جناب! ابھی نہیں ہوا ہے' 94

میں ہوا اور 2000 میں یہ سلسلہ جو factory کا ہے' وہ 2000 میں چلا ہے' refinery کا۔

Mr. Acting Chairman: Thank you.

عبداللہ ریاض صاحب' اس کے بعد آپ۔

Senator Dr. Abdullah Riar: Mr. Chairman! my observation was that around 25% rate of return on any investment 25% is a quite tremendous return in

rate اس قسم کا contracts اس قسم کے this day and age, that's quite intriguing of return leads to institutional weaknesses, I think, the Government should look into that.

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ کا کیا خیال ہے جی۔

جناب امان اللہ خان جدون، میں نے پہلے بھی گزارش کی ہے کہ سابقہ حکومت سے یہ agreement ہوا لیکن ایک نکتہ میں اپنے بھائیوں کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کا جو stake ہے' وہ 60% ہمارا اپنا ہے' Government of Pakistan کا ہے اور 40% باہر کا ہے اور یہ آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے۔ یہ agreement 2008 تک ہے اور ہماری یہ توقع ہے کہ 2008 تک یہ zero ہوجائے گا انشاء اللہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین، اسحاق ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، بہت مہربانی جناب چیئرمین۔ اس میں ایک تو I was at complete loss, PARCO I thought, some of my honourable colleagues

کی petroleum وہ کیونکہ thought that Pakistan Ariculture Research Council refinery ہے اور ہم کھجور کی بات کر رہے تھے' I was at complete loss.

Mr. Acting Chairman: Me too.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، میں سمجھا کہ PARCO کوئی نئی چیز ہے' بہرحال we are میں یہ معاہدہ ہوا تھا تو میں back to PARCO, what PARCO is. Sir, 94

وقت اس supplementing my colleagues what they said couple of them. Sir,

even in rupees, it used میں تھی Pakistan تھی جو international rate of return جو

to be 22, 23%, it has gradually gone down sir to around 6 or 7% it is the

return was about 12, 13%, وقت اس high time, internationally even dollar

پر Sterling

about 11%. So, I think the government should immediately engage, it is already late, it should immediately engage in dialogue because 40% of this return is going abroad and it a huge amount, if you see sir, it is 13 billion subsidy. Now if they come to a reasonable return which is in line with the commercial rate of return as of today, may be a little premim also

دو چار فیصد اس سے بھی اوپر دے دیں۔ Sir, 25% is unheard of کیونکہ اس زمانے میں

ٹھیک تھا جب پاکستان میں market rate 23% تھا اور 1994-95، میں borrowing rate 22%

and 23% تھا تو اس وقت کا معاہدہ بھی ٹھیک تھا لیکن چونکہ اس میں چار سال پڑے ہوئے ہیں'

چار سال میں 12' 13 billion اور نکل سکتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سوال کیا ہے؟

سینیٹر محمد اسحاق ڈار ، میرا سوال یہ ہے کہ I am suggesting to the honourable Minister that he should immediately get the law department to study the contract and talk to the relevant people and re-open and try to re-negotiate to proper date of return.

جناب قائم مقام چیئرمین، جی منسٹر صاحب' آپ نے سارا سوال سن لیا ہے کیونکہ آپ ذرا مشغول تھے۔

جناب امان اللہ خان جدون ، اصل میں ڈار صاحب خود اس وقت Finance Minister تھے۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، میں اس وقت Finance Minister نہیں تھا۔

جناب امان اللہ خان جدون ، اچھا I am sorry, don't mind, no offence

میں meant personal نہیں ہو رہا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ ان کا جواب دے دیں۔

جناب امان اللہ خان جدون ، آپ کی تجویز definitely بڑی reasonable اور

اچھی تجویز ہے، we can go into it and look into every aspect of the agreement.

Mr. Acting Chairman: Thank you. Question No. 79. Dr. Muhammad Ismail Buledi.

79. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) the number of cases filed by or against the PSO in different courts during the last five years;

(b) the amount spent by PSO on those cases so far;and

(c) the number of employees of PSO whose services have been re-instated on court orders during the said period?

Mr. Amanullah Khan Jadoon:

(a) 217

(b) Rs.7,105,029/-

(c) 55.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary? Mr. Ismail Buledi.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، منسٹر صاحب نے جو figure دیئے ہیں کہ میں

نے PSO کے total cases پوچھے تھے------

جناب قائم مقام چیئرمین، جی بدینی صاحب۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، جناب چیئرمین سوال نمبر 78 میں جو کھجوروں کی بات ہی تھی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، بدینی صاحب وہ سوال تو اب چلا گیا۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، چلا نہیں گیا، میں نے ہاتھ کھڑا کیا ہوا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، میں نے پوچھا ہے کہ anybody from here.

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، جناب صرف دو منٹ کے لئے بولنے دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، دیکھیں پھر تو سلسلہ سارا خراب ہو جاتا ہے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، کھجوروں کے بارے میں جو بلیدی صاحب نے وضاحت کی تھی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، بھئی جدون صاحب یہ کھجور پھر آ اٹکی ہے کہیں پر۔ we can't do that.

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، PARCO والا کوئی ہے ہی نہیں، تو جدون صاحب موجود ہیں تو وہ ہاؤس کو ذرا بتائیں کہ یہ کیا ہے۔ مکران میں ساڑھے پانچ لاکھ ٹن کھجور پیدا ہوتی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، دیکھیں یہ اس سوال کے بعد اس کا جواب دیں گے۔ let this question go. آپ کا سوال pending ہو گیا، میں اس کا جواب دلواتا ہوں۔ جی بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، سوال نمبر 79 کے مطابق میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ PSO میں ہم نے پوچھا ہے کہ کتنے مقدمات درج کئے ہیں۔

Mr. Acting Chairman: Let's have some order please.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، انہوں نے جواب دیا ہے کہ 217 cases عدالتوں میں درج کئے ہیں اور اس پر خرچ کتنا ہے اس میں انہوں نے Rs. 7,105,029/= لکھا

ہے۔ عدالت کے ذریعے جن PSO کے ملازمین کو بحال کیا گیا وہ 55 ہیں۔ جناب وزیر صاحب کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ اب تک عدالتوں میں کتنے cases under consideration ہیں۔ اگر یہ اس وقت ان کو بحال کرتے اور وہ عدالتوں میں نہ جاتے تو اس رقم سے کم ان کی تنخواہ بن جاتی۔ ان آفیسروں نے کمپنی کو اتنا نقصان دیا ہے کہ عدالتوں میں جا کر -----

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ کا سوال کیا ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، میرا سوال یہ ہے کہ یہ جو اتنے پیسے عدالتوں میں خرچ کئے گئے ہیں اور انہیں بحال کر دیا گیا ہے، اس سے ان کی تنخواہ بھی کم بنتی تھی۔ ان کے خلاف وہ کیا action لیں گے اور اب تک عدالتوں میں کتنے cases under consideration ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین، جدون صاحب۔

Mr. Amanullah Khan Jadoon: Sir, Minister for State is going to solve it.

جناب قائم مقام چیئرمین، اچھا وہ اس کا جواب دیں گے۔ جی مینگل صاحب what a pleasure وہ اپنی جگہ پر بیٹھے ہیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل (وزیر مملکت برائے پٹرولیم و قدرتی وسائل)، جناب یہ 217 cases تھے جو کہ عدالتوں میں گئے تھے، اس میں سے 55 بحال ہو گئے ہیں اور جیسے بلیدی صاحب نے کہا کہ اس میں 71 لاکھ روپے خرچ ہو گئے ہیں۔ اس کے لئے ہم inquiry بٹھا رہے ہیں کہ یہ اس طریقے سے کیوں ہوا اور جو inquiry report آئے گی ہم اس کے مطابق action لیں گے۔

Mr. Acting Chairman: Anybody from this side? Yes Pari Gul Agha.

سینیٹر آغا پری گل، دراصل میں صبح بہت پریشان ہوئی کہ میں نے بلیدی صاحب کو ایمبولینس میں جاتے ہوئے دیکھا، میں بہت زیادہ پریشان ہوئی کہ بھئی یہ اتنی تیزی سے

ایمبولینس گزر رہی ہے، میں خدا کی قسم پریشان ہوگئی کہ شاید بیمار ہیں، مگر یہاں پر آ کر میں نے دیکھا کہ وہ تو کھجور مانگ رہے ہیں۔ میں آپ سے ایک request کرتی ہوں کہ آپ ان کو بھی گاڑی دیا کریں تا کہ وہ ایمبولینس کا استعمال کم کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں سمجھا وہ PSO کی گاڑی میں تھے۔

سینیٹر آغا پری گل: نہیں جی ان کے پاس گاڑی ہی نہیں ہے، وہ ایمبولینس میں تھے۔ میں بہت پریشان ہوگئی کہ شاید ایمرجنسی میں ہسپتال جا رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ٹھیک ہے بلیدی صاحب آپ کی صحت کا بڑا خیال رکھا جا رہا ہے۔

سینیٹر آغا پری گل: آپ سے گزارش کی جاتی ہے کہ ایمبولینس کو بچایا جائے اور ان کو گاڑی دی جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ہاں جی ایمبولینس کو بچایا جائے، شکر ہے اگر بلیدی اس ایمبولینس میں بیٹھا ہو تو ضرور گڑبڑ ہو گی۔ جی پروفیسر غفور صاحب۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد: میرا سوال یہ ہے کہ Rs.7 million کیسے خرچ ہوئے ہیں اور کیا یہ litigation پر خرچ ہونے والے amount کا break up دے سکتے ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جدون صاحب! یہ Rs.7 million کدھر گیا ہے؟

سینیٹر پروفیسر غفور احمد: یہ 79 لاکھ ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ہاں، ہاں۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد: یہ عدالتوں میں خرچ ہوا ہے۔ اس کا break up کیا ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: اس کا break up پوچھ رہے ہیں کہ یہ 70 لاکھ روپے کہاں خرچ ہوئے ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ بتائیں کہ آپ نے یہ کہاں خرچ کئے ہیں؟ مینگل

صاحب! اس کے بارے میں بتائیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، یہ وکلاء پر خرچ ہوئے ہیں۔ چونکہ عدالتوں میں یہ cases تھے اور یہ وکلاء کو دیئے گئے ہیں۔ PSO نے بھی ملازمین کے خلاف cases کئے تھے۔ تقریباً 66 لاکھ روپے اس پر خرچ ہوئے ہیں۔ اس کے بارے میں details اگر ممبر صاحب چاہیں گے تو وہ بھی provide کر دیں گے۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک، جناب والا!---

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، نائیک صاحب! یہ بڑی دیر سے سوال پوچھنا چاہ رہے تھے اور یہ ناراض بھی ہو جاتے ہیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب والا! میں بھی بڑی دیر سے سوال پوچھنا چاہ رہا ہوں۔ میں تو پروفیسر غفور صاحب سے بھی پہلے سوال پوچھ رہا تھا۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: وزیر صاحب یہ بتائیں کہ how many cases are pending?

Mr. Acting Chairman: Which cases?

سینیٹر فاروق حامد نائیک: انہوں نے کہا ہے کہ 217 cases file ہوئے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی۔

Senator Farooq Hamid Naek: How many cases are pending before the Trial Courts and how many cases are pending before the Appellate Court?

اور کتنے cases PSO کے خلاف ہوئے ہیں؟ اس کے بعد انہوں نے کہا ہے کہ 55 لوگوں کو Order of the Courts کے تحت reinstate کیا ہے۔ وزیر صاحب یہ بھی بتائیں کہ اور کتنے ایسے ملازمین ہیں جن کے بارے میں 1997 میں reinstate کرنے کے متعلق orders ہوئے ہیں اور کیا ان کو آج تک reinstate کیا گیا ہے یا نہیں؟

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، کچھ لوگوں کو re-instate کیا گیا اور جن کو نہیں کیا گیا، ان کے بارے میں PSO سے معلومات حاصل کرکے کارروائی کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، عباسی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جو صورت حال اس وقت سامنے آ رہی ہے اور جس طریقے سے dismissed employees courts سے بحال ہو رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کے لئے اب ایک ایسا موقع آ گیا ہے کہ وہ اس چیز کو consider کرے کہ بجائے courts میں contest کرنے کے انہیں بحال کر دیا جائے کیونکہ وہ ساری terminations illegal تھیں - یہ سب terminations mala fide intention کی بنیاد پر کی گئی تھیں- میری وزیر صاحب سے یہ request ہوگی کہ وہ ان سب cases کو ministry میں review کریں کیونکہ courts میں جتنے cases دائر ہیں، ان سب کے فیصلے حکومت کے خلاف جا رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ کی suggestion کیا ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میری suggestion یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ یہ اتنا خرچ کریں، یہ individually سب لڑکوں کو بلائیں اور بیٹھ کر ایک ایک case کو دیکھیں - یہ بے چارے برسر روزگار تھے اور وہ بحال ہو جائیں تو یہ بڑی بہتر بات ہو گی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، وزیر صاحب! یہ suggestion ہے، سوال نہیں ہے۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جناب والا۔

جناب امان اللہ خان جدون، جناب والا! اس کا جواب میں دینا چاہوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، کوئی بات نہیں ہے۔ آپ ایک ہی محکمے سے متعلقہ ہیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، جدون صاحب! please آپ جواب دیں۔

جناب امان اللہ خان جدون، مہربانی۔ میرے بھائی نے بڑی اچھی بات کی ہے۔ یہ

بڑا important question ہے۔ اس میں allegations ہیں' پھر counter allegations ہیں اور اس process پر ہمارے 71 لاکھ روپے خرچ ہوئے ہیں۔ اس پر ہمارا per case Rs.33000 خرچ آیا ہے۔ جب یہ سوال آیا تھا تو ہم نے پہلے ہی وزارت کو کہا تھا کہ اس کی وضاحت کریں کہ یہ cases دائر کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ جب وہ لوگ بحال ہو رہے ہیں and you are going back to the same place. Why you have initiated that cases? اس لئے یہ ہمیں کچھ time دے دیں۔ میں ان کے اس سوال کو بڑا appreciate کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، شکریہ۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، وزیر صاحب جواب کے لئے خود اٹھے ہیں اس لئے میں ان کے گوش گزار کرنا چاہوں گا کہ بعض cases ایسے ہیں کہ کچھ لڑکے courts سے بحال ہو گئے ہیں اور PSO ان کو دوبارہ higher courts میں contest کر رہی ہے۔ بعض لڑکے ایسے ہیں جو ابھی تک بحال نہیں ہوئے اور انہوں نے appeals دائر کی ہوئی ہیں اور اکثر cases Federal Services Tribunal میں دائر ہیں۔ ان کے خلاف وزارت کیس لڑ رہی ہے۔ میری request یہ ہے کہ جو لڑکے ابھی تک بحال نہیں ہوئے اور انہوں نے cases file کئے ہوئے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی legal position کافی strong ہے' میری جدون صاحب سے درخواست ہے کہ جو لڑکے عدالتوں سے بحال ہو چکے ہیں' ان کے خلاف کئے گئے cases withdraw کریں اور انہیں وزارت میں examine کریں اور جن لڑکوں نے cases عدالتوں میں دائر کئے ہوئے ہیں' ان کے cases بھی منگوا کر انہیں examine کریں۔

جناب امان اللہ خان جدون، میں گزارش کر رہا تھا شاید پوری طرح میں اپنا نکتہ بیان نہیں کر سکا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، وہ کہہ رہے ہیں کہ بڑی اچھی تجاویز ہیں۔ You will see whatyou can do. اکبر خواجہ صاحب۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Just you keep transparency issue in mind. I think it will be better, if the honourable

Minister will provide the list of all these cases.

Mr. Aman Ullaha Khan Jadoon: Sir, I do not object. If they want.

جناب قائم مقام چیئرمین، بالکل جی آپ ایک لسٹ بنا کر ان کو بھیج دیں۔ اچھا جدون صاحب we have to back track a little bit بادینی صاحب نے پھر کھجور کی بات کی ہے ..بادینی صاحب آپ ذرا بول لیں پھر آپ کو جواب دیتے ہیں۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، میں صرف کھجور کی نہیں بلکہ بلوچستان کے ہر پھل کا ذکر کروں گا ۔ Agricculture Minister صاحب نہیں ہیں۔ یہاں ساڑھے پانچ ہزار ٹن کھجور پیدا ہوتی ہے اور کھجور کا سارا فائدہ ایران اٹھا رہا ہے۔ یہاں سے پانچ دس روپے میں بکتی ہے اور پھر اس طرف جا کر packing ہوتی ہے اور واپس آتی ہے ۔ میرا خیال ہے اسحاق ڈار صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ---

جناب قائم مقام چیئرمین، نہیں وہ چلے گئے ہیں۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، اس کی processing کے لیے اسحاق ڈار صاحب نے وعدہ کیا، نواز شریف صاحب نے وعدہ کیا اس کے بعد جو صاحب آئے وعدہ کرتے گئے۔ آج تک نہ کھجور کا کچھ کیا نہ سیب کا کچھ کیا---

جناب قائم مقام چیئرمین، بادینی صاحب سوال کیا ہے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، کہنے کا مقصد یہ تھا کہ انہوں نے کہا ہے ایک ہزار ٹن ہوتی ہے ۔ میں نے کہا کہ پانچ سے سات ہزار ٹن تک کھجور پیدا ہوتی ہے۔ جتنا بھی ہے وہ ملک کے لیے فائدہ مند ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس کے لیے کوئی بندوبست کیا ہے یا نہیں کیا؟ جواب دینے والا وزیر تو ہے ہی نہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جدون صاحب انہوں نے جو کہا ہے اس کو نوٹ کر لیں اور ایگری کلچر منسٹر سے پھر بات کرلیں۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، ہمارا سوال یہ ہے کہ اس کے لیے یا سیب کی

processing کے لیے کوئی plant لگانے کا پروگرام ہے یا نہیں۔

جناب امان اللہ خان جدون، ٹھیک ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، سوال نمبر ۸۰ , Mr. Sana ullah Baloch

80 . *Senator Sanaullah Baloch: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the total generation of electricity in the country at present;

(b) the consumption of electricity in the country at present with province-wise break-up; and

(c) the number of villages/areas electrified between the period October 1999 and June, 2004 in the provinces with urban and rural break-up?

Mr. Acting Chairman: Any supplementary question.

سینیٹر امان اللہ کنرانی، اسی پر تو میں بولنا چاہتا ہوں۔ جناب چیئرمین! جب بھی یہ سوال پوچھا جاتا ہے کہ ملک میں بجلی کی پیداوار کتنی ہے۔ صوبہ وار اس کا استعمال کیا ہے اور کتنے گاؤں ایسے ہیں جو بجلی سے محروم ہیں یا کتنے ایسے ہیں جن کو بجلی---

جناب قائم مقام چیئرمین، اس سے پہلے کہ آپ آگے جائیں۔ یہ صبح میرے پاس آئے تھے جواب آ گیا ہے۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی، جواب نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، جواب آ گیا ہے۔ یہ جواب دیں گے۔ یہاں نہیں لکھا میں نے انہیں خاص طور سے بلایا ہے آپ کے لیے، میں نے انہیں کہا کہ جواب فوراً پیدا کریں وہ لے آئے ہیں۔ He is going to answer you.

سینیٹر امان اللہ کنرانی، میں نہیں سمجھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ بولیں۔ آپ کو live answer مل رہا ہے اور آپ

کو کیا چاہیے۔

انجینئر امیر مقام (وزیر مملکت برائے پانی و بجلی)، شکریہ، ڈیپارٹمنٹ نے جواب نہیں دیا لیکن میرے پاس information ہے ۔ میں جواب دے سکتا ہوں۔ total generation of electricity at present تو total capability ہماری 17 200 میگاواٹ ہے اور ہمارے پاس available 12400 میگاواٹ ہے۔ آگے انہوں نے پوچھا ہے کہ consumption, the consumption of electricity at present یہ میرے پاس کراچی Electric supply کے علاوہ ہے یہ میں دے سکتا ہوں۔ total consumption 11400 میگاواٹ ہے ---

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، انہیں بولنے تو دیں ۔ آپ کہنے تو دیں۔ please

انجینئر امیر مقام، ایک منٹ صبر کریں میں بتاؤں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آرام سے ڈھونڈیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، صبر ایوب '

انجینئر امیر مقام، نئے نئے ہیں' یار' ہمارے ساتھ گزارہ کرو۔ آپ سینیٹ والے غصہ بھی بہت کرتے ہیں۔ہم نے سنا ہے---

جناب قائم مقام چیئرمین، انہوں نے فوراً آپ کے لیے جواب دیا اور آپ کو کیا چاہیے۔

انجینئر امیر مقام، یہ پنجاب میں 3787 میگاواٹ ' سندھ میں 4000 اس میں کراچی الیکٹرک سپلائی نہیں ہے۔ جو بتایا ہے وہ 453 اور NWFP 677 اور بلوچستان کے 322 ہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین، دیکھیئے انہوں نے پنجاب ' سندھ ' سرحد اور بلوچستان کا بتایا ہے ۔ جی رضا خان ۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب چیئرمین ! اس میں ایک خاص بات ہے ۔ وہ خاص بات یہ ہے کہ اسکو دانستہ طور پر ریکارڈ پر نہیں لایا جاتا اس کو چھپایا جاتا ہے ۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ

بلوچستان ، پشتونخواہ بشمول قبائلی علاقوں کے ------

جناب قائم مقام چیئرمین، یہ کیا آپ یہاں پر نئے نئے ملکوں کے نام لیتے رہتے ہیں۔ وہ فرنٹیئر ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر رضا محمد رضا، تینتالیس ہزار گاؤں ایسے ہیں جن میں بجلی نہیں ہے۔ بجلی تمام پشتونخواہ کی پیداوار ہے۔ بلوچستان ، فاٹا اور پشتونخواہ کی بھی یہی پوزیشن ہے۔ جبکہ بجلی کی زیادہ پیداوار ہمارے علاقے سے ہوتی ہے۔ جو باقی ماندہ ہے وہ آجکل کوئٹہ اور دیگر ذرائع سے پیدا ہوتی ہے۔ ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ اس کو ریکارڈ پر لایا جائے اور ہمارے ملک کے عوام کو یہ بتایا جائے کہ اس ملک میں بجلی کی کتنی پیداوار ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین، انہوں نے بتا تو دیا ہے ۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب چیئرمین! یہ جو آپ کہتے ہیں کہ انصاف کر رہے ہیں ۔ مشرف کے دور کا سوال پوچھا گیا ہے کہ کتنے گاؤں کو بجلی دی گئی ہے ؟

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ کا سوال کیا ہے ؟

سینیٹر رضا محمد رضا، سوال یہ ہے کہ اس دور میں آپ نے بجلی مہیا کی ہے تو وہ کن علاقوں میں کی ہے ؟

جناب قائم مقام چیئرمین، امیرمقام صاحب بتائیں ۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، رضا خان! ان کو جواب دینے کا موقع تو دو ۔ ویسے بھی آپ نے کسی ایسے ملک اور جگہ کا نام لیا ہے جو ہمارے ملک میں نہیں ہیں ۔اس کا ذرا خیال رکھیں ۔ جی ۔

انجینئر امیرمقام، انہوں نے جو سوال کیا ہے اس میں total 99 to 2004 تک 13842 دیہاتوں کو بجلی دی گئی ہے ۔

(مداخلت)

انجینئر امیر مقام، اس کی تفصیل یہ ہے --------

جناب قائم مقام چیئرمین، امیرمقام صاحب آپ ایسا کریں کہ تمام تفصیلات ان کو تحریری طور پر بھیج دیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، یہ کوئی طریقہ تو نہیں ہے۔ سانگزئی صاحب، بھنڈر صاحب کو بولنے دیں۔ ادھر سے تو کوئی بولتا ہی نہیں۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، میری عرض یہ ہے کہ بہت اہم سوال ہے اور یہ جواب بھی ہمارے لئے بہت اہم ہے۔ یہ printed نہیں ہے اور جو printed ہو اس کو ہم پڑھ لیتے ہیں اور ہمارے ریکارڈ میں ہوتا ہے۔ یہ اس جواب کو circulate فرما دیں تاکہ سب لوگوں کو پتہ چل جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، یہی میں نے کہا ہے کہ اس کی آپ complete details circulate کر دیں۔

انجینئر امیر مقام، جی میں یہ کر دوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ٹھیک ہے اتنی discussion کے بعد defer کر دیتے ہیں۔ ٹھیک ہے اگلا سوال نمبر 81۔

---

81. ***Mr. Sanaullah Baloch:** (Notice received on 24-08-04 at 6.20 p.m.)

Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) *the number, names, salary, nature of appointment and place of domicile of the persons working on Mirani Dam project; and*

(b) *the names of the companies who have been awarded the contract of various works of the dam indicating also the nature of work contract and the amount paid to each company so far?*

Mr. Liaquat Ali Tatoi: (a) The required details regarding the persons appointed by WAPDA and contractors are given in Annesure I—IV.

(b) The contract for construction of Mirani Dam Project being an Engineering Procurement Contract (EPC)/Turnkey Contract has been awarded to M/s Mirani Dam Project Joint Venture (MDJV). The Joint Venture comprises M/s DESCON Engineering Ltd. (Lead Firm), Sarwar and Company Pvt. Ltd., and Izhar Construction Pvt. Ltd. The Management Consultants of the project, M/s NEAC Consultants is a Joint Venture of M/s NESPAK (Lead Firm), ACE, BAK, MWH, EGC, DMC, RC and HLB. A sum of Rs. 1337.971 million has been paid to MDJV so far.

(Annexures have been placed on the Table of the House as well as library).

جناب قائم مقام چیئرمین، ضمنی سوال۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب اس پر میرا ضمنی سوال یہ ہے اور یہ پھر وہی مسئلہ ہے۔ وزیر موصوف سے پوچھا گیا ہے کہ میرانی ڈیم پر کتنے ملازمین ہیں، ان کی تنخواہ اور جائے سکونت کیا ہے تو اس کے جواب میں کہا گیا ہے کہ انیکس (اے) میں درج ہیں۔ لیکن یہ اینکس (اے) کہیں بھی نہیں اور دوسری جگہ کہا گیا ہے کہ table پر اور لائبریری میں رکھا گیا ہے۔ اس کا table پر کوئی وجود نہیں ہے جبکہ شاید لائبریری میں بھی نہیں۔ جناب! پھر یہ وہی مسئلہ ہے کہ جب ہم پوچھتے ہیں کہ ہمارے علاقے میں جو پروجیکٹ ہیں، کیا ان میں کوئی مقامی لوگ ہیں؟ کیا اس کے ملازمین ہمارے عوام سے لئے گئے ہیں؟ لیکن اس کو چھپانے کے لئے طریقہ یہ اختیار کیا جاتا ہے کہ سوال کا جواب یا دیا نہیں جاتا یا پھر جواب ہی گول مول کر دیا جاتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ اس پر تقریر نہ کریں، سوال کریں۔ آپ کا سوال کیا ہے؟

سینیٹر رضا محمد رضا، سوال میرا یہ ہے کہ اس سوال کا جواب کدھر ہے۔ نہ table پر ہے اور غالباً لائبریری میں بھی نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، اس کا جواب کون دے گا۔

انجینیئر امیر مقام: جناب والا! جواب میں دوں گا۔ انہوں نے جو سوال کیا ہے کہ میرانی ڈیم میں کتنے ملازم ہیں اور local کتنے ہیں اور non-local کتنے ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Acting Chairman: Please sit down. Let us give respect to the House.

سینیٹر اسفند یار ولی، اس میں وزیر صاحب کی غلطی نہیں ہے۔ ابھی آپ کے سٹاف

نے دو کاپیاں ہمیں دی ہیں - یہ ڈیوٹی آپ کے سٹاف کی تھی ، غلطی منسٹری کی نہیں ، آپ کے سٹاف کی ہے۔ They should have circulated it. اب وہ ہمیں یہاں کاپیاں دے رہے ہیں -

جناب قائم مقام چیئرمین ، Normally procedure مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ ایک سیکریٹری کے پاس ہوتی ہے ' ایک ان کے پاس ہے اور جس ممبر نے سوال پوچھا ہوتا ہے اس کے سامنے رکھی جاتی ہے not to the whole House

سینیٹر اسفند یار ولی ، جناب والا! annexures جو بھی آتے ہیں ' once they are printed اب printed questions are the property of the House, it does not belong to the individual

جناب قائم مقام چیئرمین ، یہ کہہ رہے کہ waste of stationary کو ذرا روکا جا رہا ہے -

Anyhow, we will see that next time it does not happen.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد ، کچھ معلومات ایسی ہوتی ہیں جو صرف ممبر کو دی جاتی ہیں ' وہ کافی نہیں ہیں میرا خیال کہ سب اراکین کو دینی چاہییں۔

جناب قائم مقام چیئرمین ، بھنڈر صاحب۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر ، جناب والا! اس کے متعلق سابقہ روایات یہ ہیں کہ جو جواب voluminous ہوتا ہے ' بہت بڑا ہوتا ہے یا زیادہ صفحات پر مشتمل ہوتا ہے اور وہ اس میں پرنٹ نہیں ہو سکتا وہ on the table of the House رکھا جاتا ہے - Table of the House سے مراد یہ جگہ ہے ' لائبریری تو بعد میں آئے گی۔ یہاں جس نے دیکھنا ہے ' یہاں میز پر پڑا ہو اور یہاں وہ دیکھ لے اور concerned member کی table پر چلا جائے۔ This is the previous practice.

Mr. Acting Chairman: This will be complied with. Buledi Sahib.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب والا! میں وزیر صاحب سے کہنا چاہتا ہوں کہ وہاں جتنے ملازمین ہیں ان میں سے میرانی ڈیم میں کم از کم 75 فیصد مقامی نہیں ہیں۔ ہم نے چیئرمین واپڈا سے میٹنگ کی تھی کہ وہاں مقامی لوگوں کا حق ہے کہ انہیں بھرتی کیا جائے اور وہاں جن مقامی لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے ان کی تنخواہ اور جو یہاں سے گئے ہیں کراچی اور لاہور سے ان کی تنخواہوں میں بہت زیادہ فرق ہے۔ مقامی لوگوں کو کم تنخواہ دی جاتی ہے اور غیر مقامی لوگوں کو زیادہ دی جاتی ہے۔ وزیر صاحب ہمیں کس طرح مطمئن کریں گے۔ ہمارے لوگوں کے اعتراضات ہیں اور ان کا حق ہے کہ ڈیم وہاں بن رہا ہے اور لاہور سے لوگوں کو بھرتی کیا جا رہا ہے۔ یہ ظلم ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سوال پوچھیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میرا سوال یہ ہے کہ غیرمقامی لوگوں کو ختم کر کے مقامی لوگوں کو کب تک بھرتی کیا جائے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ نے یہ کیوں نہیں کیا۔

انجینیئر امیر مقام، جناب میرانی ڈیم میں جو کل ملازمین ہیں ان میں چالیس فیصد بلوچستان سے باہر کے ہیں اور ساٹھ فیصد بلوچستان کے ہیں۔ ان کے نام، ڈومیسائل اور تنخواہ وغیرہ سوال کے جواب کے ساتھ لف ہیں۔ منسٹری نے سینیٹ کو انفارمیشن دی ہے۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ یہ چالیس فیصد باہر کے کیوں ہیں تو یہ واپڈا کے ملازمین نہیں ہیں، یہ بعض کمپنیوں کو ٹھیکے دیئے گئے ہیں ان کمپنیوں کے کئی ملازمین مستقل ہوتے ہیں اور جہاں وہ کام کرنا چاہتے ہیں ان ملازمین کو وہاں لے کر جاتے ہیں۔ یہ کمپنیوں کا عملہ ہے، اس میں کئی کمپنیاں ہیں، ان کے joint venture ہیں۔ باقی سارے لوگ بلوچستان سے لیے گئے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، Thank you. اکبر خواجہ صاحب، ضروری سوال ہے I am going to the next question.

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: I think in both questions 80 and 81 most of Members were not satisfied with the

response

آپ kindly اس کو defer کر کے repeat کرائیں تاکہ compele response publish ہو جائے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : Most of them have been answered. سب کا جواب تو دے دیا ہے اور آپ کو کیا چاہیے۔ آپ بال کی کھال تو نہ نکالیں۔ Question No.82 ثناء اللہ بلوچ not present.

---

82. *Mr. Sanaullah Baloch: (Notice received on 24-08-04 at 6.20 p.m.)

Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to supply electricity to Tehsil Basima, District Karan, Balochistan, if so, when?

Mr. Liaquat Ali Jatoi: Electrification of Basima Tehsil, District Kharan has been approved under Public Sector Development Programme (PSDP) 2004-2005 with the cost of Rs. 145.00 million.

Basima town will be connected with National Network by construction of 20 KM 132 KV (In/Our Gidder-Kharan) T/Line with provision of 10/13 MVA Power Transformer at the proposed grid station.

The project is likely to be completed during 2005-2006 subject to provision of funds.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary question?

سینیٹر محمد اسلم بلیدی : اس میں وزیر صاحب نے بتایا ہے کہ ضلع خاران اور اس کی جو تحصیل ہیں بجلی کی فراہمی کے لیے 2004-2005 کی PSDP میں funds allocate کر دیے گئے ہیں لیکن project پر کام 2005-2006 میں شروع ہو گا۔ میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ جب funds کی allocation ایک سال کی PSDP میں ہوئی ہے تو اتنی تاخیر کی کیا ضرورت ہے۔ آپ کا تو ماشاء اللہ بہت بڑا ادارہ ہے اور WAPDA is a very very big department اتنا بڑا بھی ہے اور اتنا بدنام بھی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : دیکھیں آپ نے سوال کر لیا ہے اب اتنی detail میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ امیر مقام صاحب آپ اس کا جواب دیں۔

انجینئر امیر مقام: جناب! اس project کو PSDP میں رکھا گیا ہے اور اس پر بہت جلد کام شروع کریں گے۔ یہاں اس کی total allocation دی گئی ہے لیکن کچھ پیسے اس کے لیے اس سال دیں گے اور کچھ اگلے سال دیں گے تو اس لیے یہ 2005-2006 میں complete ہو جائے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگزئی: جناب انہوں نے یہاں یہ بتایا ہے کہ اس منصوبہ کے لیے 145 ملین کی منظوری ہوئی ہے۔ اس کی کل لاگت کتنی ہے؟ اب یہ کہتے ہیں کہ اگر یہ fund ہوا اور دوسری طرف کہتے ہیں کہ یہ پیسے ہیں تو اس سے ہم کیا تاثر لیں۔

انجینئر امیر مقام: یہ 145 ملین ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بلیدی صاحب اب بس کریں، بھنڈر صاحب کا سوال ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب یہاں لکھا ہوا ہے "بشرطیکہ funds فراہم ہوں"۔ لمبی چوڑی تسلی دے کر پھر خاک میں ملا دیا ہے۔ اب اگر بلوچستان میں جائیں تو سب سے زیادہ رقبہ خاران کا ہے جو بہت پسماندہ area ہے اور وہاں غریب لوگ رہتے ہیں۔ یہاں پر بجلی کی سہولت میسر نہیں ہے۔ ان علاقوں کے لیے کوئی special کوشش کی جائے۔ وزیر صاحب یہ بتائیں کہ خاران کو یہ کب funds فراہم کریں گے، وہ اس کی وضاحت کریں۔

انجینئر امیر مقام: جناب! میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم Finance Ministry سے بات کریں گے کہ جلد از جلد وہ اس fund کو release کریں تاکہ اس پر کام شروع کیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ Question No.83 چوہدری محمد انور بھنڈر۔

Q. No.83

83. ***Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder:** (Notice received on 24-08-04 at 6.25 p.m.)

Will the Minister for Minorities, Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs be pleased to state:

